فوری ریلیز کے لیے: 8/11/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے ایڈیرونڈیک اور کیٹسکل پارک کمیونٹیز کے لیے اسمارٹ گروتھ گرانٹس کی مد میں $3.7 ملین کی دستیابی کا اعلان کیا ہے***

***محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کی جانب سے جنگلات کے تحفظ کے سلسلے میں ماحولیاتی تحفظ، اقتصادی ترقی اور کمیونٹی میں گزر بسر کی اہلیت کو باہم مربوط کرنے کی خاطر پروجیکٹس کے لیے درخواستیں طلب کی گئی ہیں***

***اسمارٹ گروتھ گرانٹس کے اس راؤنڈ میں دیہی کمیونٹیز میں آبادی اور معیشت کے استحکام کی معاونت کرنے کے لیے سستی رہائش پر توجہ مرکوز کی گئی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ایڈیرونڈیک اور کیٹسکل پارکس میں کمیونٹیز اور غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے اسمارٹ گروتھ گرانٹس کی مد میں $3.7 ملین دستیاب ہیں۔ ریاستی محکمے اور ایڈیرونڈیک پارک ایجنسی کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے، ریاست نیو یارک کے محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کی جانب سے ایسے پروجیکٹس کے لیے درخواستیں طلب کی جا رہی ہیں جو جنگلات کے تحفظ میں ماحولیاتی تحفظ، اقتصادی ترقی اور کمیونٹی میں گزر بسر کی اہلیت کو باہم مربوط کریں گے۔ اسمارٹ گروتھ گرانٹس کے اس راؤنڈ میں سستی رہائش پر توجہ مرکوز کی گئی ہے جو ان دیہی علاقوں میں آبادی سے نمٹنے اور معاشی استحکام کے لیے ایک اہم جزو ہے۔

"اسمارٹ گروتھ گرانٹ پروگرام کے ذریعے، ہم اقتصادی ترقی میں اضافہ کر رہے ہیں اور اپنی دیہی کمیونٹیز میں نیو یارک کے شہریوں کے معیار زندگی میں بہتری لا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ ہماری پوری ریاست کی کمیونٹیز میں نیو یارک کے شہریوں کو رہائش کے بلند اخراجات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس لیے ایڈیرونڈیک اور کیٹسکل پارکس جیسے مقامات کے قصبوں میں رہنے کے لیے، جگہیں تلاش کرنے میں خاندانوں کو دشواری کا سامنا ہے۔ اسمارٹ گروتھ پروگرام کے ذریعے رہائش کو ترجیح دیتے ہوئے، ہم کمیونٹیز کی مدد کر سکتے ہیں کہ ان کی مقامی افرادی قوت میں اضافہ ہو، جائیدادوں کی قیمتیں مستحکم ہو جائیں اور رہائشیوں کے لیے اخراجاتِ زندگی میں کمی آئے۔"

قومی "اسمارٹ گروتھ" تحریک کے بعد، DEC کے کمیونٹی اسمارٹ گروتھ گرانٹس پروگرام کا ماڈل تیار کیا گیا ہے، جو ترقی کو فروغ دیتا ہے جس کے نتیجے میں قدرتی اور تعمیر شدہ ماحول کے تحفظ کے ساتھ معاشی ترقی کی ہم آہنگی عمل میں آتی ہے۔ آج کے اعلان سے اس پروگرام کے آغاز سے لے کر اب تک اسمارٹ گروتھ گرانٹس کے ساتویں راؤنڈ کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ان کمیونٹیز میں - کیٹسکل پارک میں $1.9 ملین، اور ایڈیرونڈیک پارک میں $4.5 ملین یعنی کہ تقریباً $6.5 ملین ایوارڈ کیے جا چکے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، DEC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "ایڈیرونڈیک اور کیٹسکل میں موجود جنگلاتی تحفظ، عوامی زمینوں اور نجی املاک کے ایک تانے بانے کا مسکن ہے، جہاں مقامی کمیونٹیز کے لیے منفرد چیلنجز اور مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ اسمارٹ گروتھ کے پروجیکٹس سے کمیونٹیز کو مدد ملتی ہے کہ وہ قدرتی وسائل کے ترقیاتی کام اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے درمیان توازن قائم کر سکیں، جن کے نتیجے میں قریبی قدرتی وسائل سے فراہم کردہ

فوائد سے استفادہ کرنے کے لیے مقامی کوششوں کو تقویت ملتی ہے جبکہ منفی ماحولیاتی اثرات کے بغیر پائیدار ترقی اور اقتصادی استحکام کو فروغ ملتا ہے۔"

**ایڈیرونڈیک پارک ایجنسی کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Barb Rice نے کہا،** "ایڈیرونڈیک اور کیٹسکل کمیونٹیز کے لیے ضروریات اور اہداف کا ایک وسیع سلسلہ پورا کرنے کے لیے اسمارٹ گروتھ گرانٹ پروگرام ایک اہم موقع ہے۔ ایک دہائی سے زیادہ عرصہ ہوا، کہ اس پروگرام کے نتیجے میں ماحولیاتی طور پر پائیدار پروجیکٹس پر عمل درآمد کیا گیا ہے جس کے نتیجے میں پارک کے رہائشیوں کے معیار زندگی میں بہتری آئی ہے۔ گورنر Hochul کی جانب سے سستی رہائش کو ترجیح دینے سے بہت سی کمیونٹیز کو درپیش ایک اہم مسئلے کو ہدف بنایا گیا ہے۔ ہم میونسپلٹیوں اور غیر منافع بخش افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ایڈیرونڈیک اور کیٹسکل کے شہریوں کے لیے مخصوص کردہ اس پروگرام سے فائدہ اٹھائیں۔"

**سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "اسمارٹ گروتھ کی جانب سے ایڈیرونڈیک اور کیٹسکلز میں سستی رہائش، اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی پائیداری کے حصول کی جانب ایک اہم راستہ دکھایا گیا ہے۔ 3.7$ ملین کی اسمارٹ گروتھ گرانٹ کے ذریعے ان پارکس میں کمیونٹیز کو مدد ملے گی کہ وہ پائیدار، مساوی اور ماحول دوست ترقی کے لیے ایک طویل مدتی، کمیونٹی پر مبنی ویژن مرتب کر سکیں۔ ریاست نیو یارک، اسمارٹ گروتھ، مساوات اور ماحولیاتی تبدیلی میں ایک قومی رہنما ہے، اور اس نئی فنڈنگ کے موقعے سے ہماری معاونتی پالیسیوں اور پروگرامز کے متاثر کن مجموعے میں اضافہ ہی ہو گا۔"

ماحولیاتی تحفظ فنڈ (Environmental Protection Fund، EPF) کے ذریعے، ان گرانٹس کے لیے فنڈنگ فراہم کی جاتی ہے اور اس میں ایڈیرونڈیک پارک پروجیکٹس کے لیے 2.7$ ملین اور کیٹسکل پارک کے پروجیکٹس کے لیے 1$ ملین شامل ہیں۔ اس گرانٹ پروگرام کا مقصد ہے کہ ایسے پروجیکٹس کی حمایت کی جائے جو جامع منصوبہ بندی اور اقتصادی ترقیاتی سرگرمیوں پر مبنی ہوں۔ 2023-24 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر Kathy Hochul نے EPF فنڈنگ کو 400$ ملین تک برقرار رکھا ہے، جو اس پروگرام کی تاریخ میں فنڈنگ کی بلند ترین سطح ہے۔ EPF کی جانب سے اہم ماحولیاتی پروگراموں کے لیے بھی فنڈ فراہم کیے جاتے ہیں جیسے کہ کھیتی باڑی کی زمینوں کا تحفظ، حملہ آور کیڑوں کی روک تھام اور خاتمہ، تفریحی رسائی میں اضافہ، پانی کے معیار میں بہتری لانا اور ماحولیاتی انصاف کا ایک زورآور ایجنڈا۔

اہلیت والے پروجیکٹس کے ذریعے کمیونٹی کے زیادہ بڑے ترقیاتی پروجیکٹس کی حمایت کی جانی چاہیئے، جیسے کہ احیائے نو کی کوششیں، سرمائے میں بہتریوں کے اقدامات، اور تنظیمی ترقی یا صلاحیت کی تعمیر، اور ان میں بلا تحدید شامل ہو سکتے ہیں:

- سائیکل دوست راستے اور سہولیات فراہم کرنا؛
- مقامی/ علاقائی عجائب گھروں اور تھیٹروں کو بہتر بنانا یا فروغ دینا؛
- مرکزی سڑک کے سامنے کے منظر کی بہتری؛
- تاریخی املاک کی تجدید کاری؛
- کمیونٹی کی بنیاد پر سیاحتی پروگرامز اور سرگرمیاں فراہم کرنا؛
- نئے تفریحی مواقع پیدا کرنا؛
- کثیر استعمال والی ٹریل کی ترقی؛
- راستہ تلاش کرنا اور معلوماتی اشارے اور کیوسکز؛
- پارکس اور عوامی مقامات میں بہتری کرنا؛
- تازہ ترین علاقہ بندیاں کرنا؛
- سیاحوں کے مرکز میں بہتریوں کے اقدامات؛
- سیاحتی مقامات کو خوبصورت بنانا؛ اور
- بستیوں اور دیہات میں پیدل روشیں فراہم کرنا۔

یہ گرانٹ پروگرام، جامع اور/یا مقامی زمین کے استعمال کے منصوبوں کے علاوہ، موجودہ منصوبوں میں تازہ ترین اقدامات کے لیے درخواستوں کا بھی خیرمقدم کرتا ہے۔

درخواستیں دینے کی گزارش ریاست نیو یارک گرانٹس گیٹ وے کے ذریعے دستیاب ہے اور درخواست دینے کی آخری تاریخ بدھ، 31 جنوری 2024 کو سہ پہر 3 بجے تک ہے۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418